EFA School System

PUNJAB GROUP OF COLLEGES

# EFA TIMES

WINTER EDITION 2024

## Pre-Nursery to Matric

علم کرے
روشن جہاں






ایفا سکولز
تعلیم ہر بچے کے لئے

**EFA-EDUCATION FOR ALL**

NO Child Left Behind-A Project of the Largest Educational Network in Pakistan

## In This Edition

1. Editorial
2. We Nailed It
3. Know & Grow
4. Chronicles
5. Gosh-e-Takhleeqat
6. Artsy-Craftsy
7. Brain Game
8. Sair-o-Siahat
9. Campus Clicks

# Editorial



Editor
Madiha Ghauri

Dear Readers,
**Asalam-u-Alikum!**

Warmest wishes as we celebrate the spirit of winter season.

Welcome to a timely Winter edition of EFA Times. The Winter season has its own beauty and charm. It gives us hope and time for transformation and growth.

In the classrooms, our students will delve into new discoveries and learning guided by the dedicated teachers. The teachers will ignite their curiosity for learning.

As you are aware of the fact that besides the academics the Head Office focuses on extracurricular activities that are in full swing, offer opportunities to enhance educational learning. Let's work as a team and support one another so that our efforts and hard work of our school campuses bring something unique and recognisable to the table.

**In Sha ALLAH!**

Before I wind up, I would like to pay my heartiest acknowledgement for all the efforts made to prepare this, 'Winter Edition of EFA Times Newsletter 2024'.

**Happy Winters!**

Send the content for EFA Times Newsletter on the given email:
editor@efaschools.edu.pk

May ALLAH bless you and guide you (Ameen).


| | |
|---|---|
| Editor & Sub-Editor (English): | Madiha Ghauri & Nadia Munawar |
| Editor & Sub-Editor (Urdu): | Saima Akmal & Attiya Zahra |

## We Nailed It!










Salman Ahmad
Class 7
Abubakar Campus Baghbanpura



# سکندرِ اعظم

اُن میں بچپن ہی سے کچھ ایسی صلاحیتیں تھیں کہ دیکھنے والوں کو محسوس ہوتا تھا کہ وہ تاریخ میں ایک غیر معمولی شخصیت کے طور پر یاد رکھے جائیں گے۔ صرف 12 برس کی عمر میں اُنھوں نے ایک جنگلی اور بدمست گھوڑے کو قابو میں کر کے سدھا لیا۔ بیوسیفیلس نامی یہ ایک دیو قامت اور وحشی گھوڑا تھا جو بعد میں تقریباً ساری زندگی اِس 12 سالہ بچّے کا ساتھی رہا۔ وہ بچّہ بڑا ہو کر 'الیگزینڈر دی گریٹ' یا سکندرِ اعظم کہلایا اور عہدِ قدیم کی مشہور ترین شخصیات میں شامل ہوا۔ ان کے والد کو اُن کے اپنے ہی ایک محافظ نے قتل کر دیا، جس کے بعد نئے بادشاہ کی کشمکش شروع ہوئی جس میں اُنھوں نے اپنے تمام حریفوں کا صفایا کر دیا اور 20 سال کی عمر میں سکندرِ اعظم بادشاہ بن گئے اور 12 برس تک اقتدار میں رہے۔ اُنھوں نے اپنی فوجوں کے ساتھ 12 ہزار میل کا فاتحانہ سفر کیا۔ اس وقت کی سلطنتِ فارس کے بادشاہ داریوش (ڈاریئس) سوئم کو شکست دی اور وسطی ایشیا تک یونانی کلچر کو پھیلا دیا۔ اپنے عروج کے زمانے میں سکندرِ اعظم کی سلطنت مغرب میں یونان سے لے کر مشرق میں آج کے پاکستان، افغانستان، ایران، عراق اور مصر تک پھیلی ہوئی تھی۔ سکندرِ اعظم کا شمار تاریخ کے انتہائی متاثر کن اور ماہر رہنماؤں اور فوجی کمانڈروں میں کیا جاتا ہے۔

Zeeshan Sohail
Class 6
Canal View Campus Sahiwal

# Robotics

## گوشۂ تخلیقات

### EATR


Robotic Technology Inc's Energetically Autonomous Tactical Robot (EATR) is a Military Robot built to carry out tasks without the need for upkeep or recharging by gathering its own fuel from the environment. Biomass, such as dead trees, and plants would be all that the EATR would require for power. We found this to be the most amazing one in this list of interesting facts about robots.



### MICROBOTS

Microbots in the future that can swim inside the human body for a biopsy.


A few researchers are going on in Australia to build a tiny robot that could imitate the way E. coli bacteria swim. It would be administered to a patient in order to do an internal biopsy.



Warda Noor
Class 8
Canal View Campus Sahiwal

## A Day with Muslim Scientist

## Al Zahrawi The Surgeon



Al-Zahrawi was born in 936 AD in Spain. He was a doctor and served Caliph Al-Hakam II. He is known as the father of surgery. He wrote Kitab al-Tasrif- book on surgery, which explained many surgical tools. Other books he wrote were guides for doctors on psychotherapy, medical chemistry, how to set bones and false teeth, and how important it is to have a healthy diet.

Al-Zahrawi's books were translated into many languages and helped doctors for years. He shaped the history of medicine, and his guides helped doctors to save many lives.

Sadia Ali
Class 5
Adalat Garha Campus, Sialkot

### Spot The Seven Differences



Maria Khan
Class 8
Al Majeed Campus, Burewala

GIFT LOVE SNOW STAR TREE

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| E | U | N | S | W | R | R | O |
| V | G | N | E | T | S | A | E |
| Z | O | N | U | E | J | T | Q |
| W | T | F | I | G | R | S | D |
| R | V | D | E | L | J | T | Z |
| A | U | V | L | M | Q | A | C |
| B | O | R | P | G | C | G | H |
| L | F | D | Q | Y | E | W | V |

Ameera Ali
Class 8
Kandhra Campus, Sukkur.

### WINTER FACTS

- Winter is the coldest season.
- Every snowflake has six sides.
- Nights are longer in the winter.
- Some animals hibernate in the winter e.g.; bear, bats etc.
- Some plants stop growing in the winter.

Shazia Anwar
Class 7
Chakwal Campus, Chakwal

### I'm a Great Big Snowman



I'm a great big snowman,
Tall and fat.
Here's my tummy.
Here's my hat.
Buttons for my eyes,
And a carrot nose,
I'm all snow from head to toe!

Asim Ayan
Class 7
Allama Iqbal Campus, Peshawar

## حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس سے ہرنی کی وفاداری

’’حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک گروہ کے پاس سے گزرے۔ اُنھوں نے ایک ہرنی کو شکار کر کے ایک بانس کے ساتھ باندھ رکھا تھا۔ ہرنی نے عرض کیا: یارسول اللہؐ! میرے دو چھوٹے بچے ہیں جنہیں میں نے حال ہی میں جنا ہے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اِن سے اجازت دلوادیں کہ میں اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس آجاؤں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِس کا مالک کہاں ہے؟ گروہ نے کہا: یارسول اللہؐ، ہم اِس کے مالک ہیں۔ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِسے چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ اپنے بچوں کو دودھ پلا کر تمھارے پاس واپس آجائے۔ اُنھوں نے عرض کیا: یارسول اللہؐ! اس کی واپسی کی ہمیں کون ضمانت دے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ’’میں‘‘۔ اُنھوں نے ہرنی کو چھوڑ دیا پس وہ گئی اور اپنے بچوں کو دودھ پلا کر واپس لوٹ آئی۔ اُنھوں نے اسے پھر باندھ دیا۔ جب حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دوبارہ اُن لوگوں کے پاس سے گزرے اور اُن سے پوچھا: اِس کا مالک کہاں ہے؟ اس گروہ نے عرض کیا: یارسول اللہؐ! وہ ہم ہی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اِس ہرنی کو مجھے فروخت کرو گے؟ اُنھوں نے عرض کیا: یارسول اللہؐ! یہ آپ ہی کی ہے۔ پس اُنھوں نے اُسے کھول کر آزاد کردیا اور وہ چلی گئی۔‘‘ (المعجم الاوسط:5547)

Nabeel Aziz
Class 5
Al Barkat Campus, Pakpattan

## حرکت میں برکت ہے

’’حرکت میں برکت ہے‘‘ یہ صرف ایک ضرب المثل ہی نہیں بلکہ ایک حقیقت بھی ہے۔ جدید سائنسی تحقیق نے اُردو کی اس ضرب المثل کو ایک سائنسی حقیقت میں تبدیل کر کے رکھ دیا ہے۔ یہ بابرکت حرکت ہماری جسمانی ٹھنڈک کو حرارت میں تبدیل کرتی ہے، اور ہمیں چُست وتوانا بناتی ہے۔ ایک صحت منداور چُست وتوانا انسان ہی کاروبارِ حیات میں فعال کردار ادا کرسکتا ہے۔ اِس کے برعکس سستی اور کاہلی انسان کو بیمار کرنے کے ساتھ ساتھ زندگی میں بڑے کام کرنے سے بھی روکتی ہے۔

آج کے اِس سہل پسند اور پُرآسائش دور میں مختلف آلات اور سہولیات کی فراہمی نے انسان کو ایسی طرزِ زندگی کا عادی بنادیا ہے کہ جس کے باعث ہمارے جسم میں حرارت کی مطلوبہ مقدار کو برقرار رکھنے والا فطری نظام بگڑ کر رہ گیا ہے۔ ہمارے جسم میں حرارت کی مستقل کمی واقع ہو رہی ہے اور لوگ نت نئی بیماریوں اور پیچیدگیوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ ہمارے آباؤ اجداد تو شاید کبھی کبھار ہی بیمار ہوتے تھے۔ کسی کے سر میں درد ہو جاتا تو لوگ عیادت کرنے آتے، کہ خیریت تو ہے پہلے تو آپ کبھی اتنے بیمار نہیں ہوئے۔ جب کہ آج کل سر درد، بڑوں میں تو کیا بچوں میں بھی عام ہوتا جارہا ہے۔ اس لیے آج کے دور میں بجا طور پر یہ رائے دی جاتی ہے کہ ورزش کو باقاعدگی سے اپنے معمول کا حصّہ بنایا جائے۔ باقاعدہ ورزش انسانی جسم میں حرارت کی درکار مقدار کو برقرار رکھتی ہے۔ ورزش کے لیے صبح سویرے یا شام کا وقت بہترین تصوّر کیا جاتا ہے۔

Bareera Falak
Class 7
Basirpur Campus, Okara

## نظم (سردی آئی)

سردی کا جب موسم آئے — کانپے تن من دانت بجائے
موزے، جیکٹ، ٹوپی لائے — سوئیٹر، مفلر بھی گرمائے
جسم و جان پڑے ہیں ٹھنڈے — گرما گرم ہیں اُبلے انڈے
گاجر کا حلوہ بھی آیا — سردی نے کیا جی للچایا
کُہرے سے ہیں رستے دھندلے — ریل رُکی ہے رستے بدلے
سیر سپاٹہ سب کو بھائے — سردی میں دل جھوم سا جائے
آگ کو گھیرے بیٹھے ہیں سب — ہاتھ کو تاپیں ، لب پر یا رب
گوبھی، شلجم، سیم بھی کھاؤ — مٹر بھگوو، ساگ بناؤ
گرما گرم تم سُوپ بھی پی لو — کبھی نہ بچّو صحت کو بُھولو
بادام و اخروٹ بھی کھاؤ — ڈرائ فروٹس سے جی نہ چراؤ
سردی کو یوں دور بھگاؤ — کافی پیو اور میوہ کھاؤ
گپ شپ کی محفل جو جمائی — سب نے مل کر اوڑھی رضائی

Musa Khan
Class 6
Al Barkat Campus, Pakpattan

## کاہلی کا انجام (کہانی)

کسی دریا کے کنارے چھوٹا سا جوہڑ تھا جس میں تین مچھلیاں رہتی تھیں۔ وہ سارا دن اِدھر سے اُدھر گھومتیں اور خوراک حاصل کرتیں۔ اِن تینوں مچھلیوں میں جو بات سب سے اہم تھی وہ یہ تھی کہ ان میں بہت اتفاق تھا۔ لیکن تینوں کی فطرت میں بہت فرق تھا۔ ان میں سے ایک بہت کاہل، دوسری بہت ہوشیار اور تیسری بہت عقل مند تھی۔ اپنی ان متضاد عادات کے باوجود اُن میں بہت دوستی تھی۔ اِس بنا پر وہ کبھی کبھی جوہڑ سے ہوتی ہوئی دریا میں نکل جاتیں اور مزے مزے کی خوراک تلاش کرتیں اور آپس میں گپ شپ کرتیں۔ مگر زیادہ تر وہ اپنے جوہڑ میں ہی رہتیں کیونکہ یہ ہی اُن کی بہترین پناہ گاہ تھی۔ مگر ایک دن ایسا ہوا کہ کچھ مچھیرے شکار کی غرض سے دریا کے کنارے آبیٹھے اُنھوں نے دریا میں اپنا جال ڈالا مگر کافی وقت گزرنے کے باوجود اُن کو کوئی کامیابی حاصل نہ ہوئی۔ تو وہ جوہڑ کی طرف آنکلے اُن کا ارادہ یہاں سستانے کا تھا۔ مگر ان میں سے ایک کی نظر جوہڑ کے گدلے پانی میں اٹکھلیاں کرتی تین مچھلیوں پر پڑی تو اُس نے کہا ’’وہ دیکھو مچھلیاں‘‘ اُس کی اس پُکار پر باقی مچھیروں نے بھی خوشی کا نعرہ لگایا اور اپنے جال لینے بھاگے اُن کے اس ہنگامے کو عقل مند مچھلی نے سن لیا تھا اس لیے اس نے پریشانی میں اپنی باقی دو سہلیوں کو اس خطرے سے آگاہ کیا ہشیار مچھلی نے کہا ’’اتنی کیا جلدی ہے دیکھ لیں گے‘‘ کاہل مچھلی بولی ’’جب وہ جال ڈالیں گے تب سوچیں گے‘‘ مگر جو عقل مند تھی اس نے کہا ’’کھلے دریا میں بچنے کے مواقع زیادہ ہوتے ہیں۔‘‘ یہ کہتے ہی اُس نے چھلانگ لگائی اور کھلے دریا میں چلی گی۔ جیسے ہی مچھرے جال لائے ہوشیار مچھلی نے بھی عقل مند مچھلی کا ساتھ دیا۔ مگر کاہل مچھلی سست سی اِک جگہ پر ہی پڑی رہی آنے والے خطرے کو نظر انداز کردیا اس وجہ سے وہ جال میں پھنس گی۔ جب تک اُسے اپنی غلطی کا احساس ہوتا بہت دیر ہوگی تھی۔

Mahad Madni
Class 6
Al Barkat Campus, Pakpattan

## اقوالِ زریں

☆ محنت اور برداشت کامیابی کی کنجی ہے۔
☆ روشنی کی اُمید رکھو مگر اُمیدوں پر زندگی مت گزارو۔
☆ احسان کی خوبی یہ ہے کہ اسے جتایا نہ جائے۔
☆ بغیر عمل کے علم ایسے ہے جیسے بغیر روح کے جسم۔
☆ برائی جیت تو سکتی ہے لیکن برائی کے نصیب میں جشنِ فتح نہیں ہوتی۔

Huda Shah
Class 8
Canal View Campus, Sahiwal

## دلچسپ پہیلیاں

جب بھی وہ قرآن اُٹھائے — ایک بھی حرف نہ پڑھنے پائے

گرچہ وضو کرتا نہیں دیتا ہے اذانیں — کیا نام ہے اُس شوخ کا بتلاؤ تو جانیں


سب کے دسترخوان پہ آئے — شہ کے ساتھ بھی کھانا کھائے

جواب: رحل، مرغ، نمک


Sadia Ali
Class 4
Canal View Campus, Sahiwal

# ARTSY-CRAFTSY

## CORNER BOOKMARK




**1** Place one piece of square origami paper in front of you with one of the corners pointing towards you.




**2** Take the corner closet to you and fold it so that it matches the top corner. The paper should be in a triangle. Crease the paper at bottom of the triangle.



**3** Take the corner on the right side and bring it up to the top corner. Crease the paper at the fold.




**4** Take the corner on the left side and bring it up to the top corner. Crease the paper at the fold. Your paper should be a diamond shape again.



**5** Unfold the last two folds so that you have a triangle again.


**6** On the top of the triangle, there should be two layers of paper. Take the top layer of paper and fold it down to the bottom of the triangle. Crease the paper at the fold.




**7** Take the right corner of the triangle and fold it to meet the top corner of the triangle.



**8** Fold the same corner tucking it into the middle pocket. Crease the paper at the fold.




**9**



Repeat 7 and 8 with left side.


**10** Turn the paper so that the corner that is currently on top (only a single piece of paper) is pointing towards you. You are now ready to decorate your corner bookmark.



Haadee Haris
Class 7
Al Barkat Campus, Pakpattan


# Brain Game

**Write the missing numbers in the given pattern.**





Sadia Ayub
Class 6
Al Barkat Campus, Pakpattan

Answer:



# سیر و سیاحت



## ایک تاریخی مقام کی سیر

تاریخی ورثہ کسی بھی ملک کا عظیم سرمایہ ہوتا ہے۔ پاکستانی ثقافت اور آثارِ قدیمہ ہر پہلو سے بھرپور اور شان دار ہیں۔ گزشتہ سال گرمیوں کی تعطیلات کے دوران میں نے اپنے دوستوں کے ہمراہ لاہور کے تاریخی مقامات کی سیر کا پروگرام بنایا۔ ہم ملتان سے روانہ ہوئے اور شام کے دھندلکے میں لاہور پہنچ گئے۔ ہم نے رات ایک ہوٹل میں بسر کی۔ اگلے روز ہم نے مقبرہ جہانگیر کی سیر کا فیصلہ کیا۔ ہم بہت پُرجوش تھے ٹیکسی میں بیٹھ کر ہم مقبرے پہنچے۔ مقبرے کے چار مینار ایک پُرشکوہ منظر پیش کر رہے تھے۔ مقبرے کو ایک دیوار نے گھیر رکھا تھا۔ داخلی راستہ بہت خوب صورت تھا۔ دیوار کے اندر ایک وسیع و عریض پارک تھا۔ جہاں ہر طرف کِھلے خوش رنگ پھول ہر سُو اپنی خوش بُو پھیلا رہے تھے۔ پارک میں بہت سے سایہ دار درخت بھی تھے۔ جن کی ٹہنیوں پر بہت سے پرندے بیٹھے چہچہا رہے تھے۔ مقبرہ جہانگیر کے سامنے ایک خوب صورت فوارہ تھا۔ فوارے سے نکلنے والی پھوار کے قطرے ماحول کو آسودہ اور پُرسکون بنا رہے تھے۔ بعد ازاں ہم اِس عمارت میں داخل ہو گئے جہاں شہنشاہ کا مقبرہ تھا۔ یہاں ہم نے چند ساعتیں موت کے اسرار و رموز پر غور و فکر میں گزاریں اور فاتحہ خوانی کر کے اللہ تعالیٰ سے شہنشاہ جہانگیر کے لیے دائمی رحمتوں کی دعا کی۔ عمارت بذاتِ خود مسلم فنِ تعمیر کا ایک شاہکار تھی۔ ہم سب دوست چبوترے پر آئے اور لاہور شہر کا نظارہ کیا، یہ ایک خوب صورت منظر تھا۔ ٹھنڈی ہوا اور گہرے نیلے آسمان نے ہم پر جادو کا سا اثر کیا۔ ہم چبوترے سے نیچے آئے اور ایک درخت کے سائے میں بیٹھ کر دوپہر کا کھانا کھایا۔ شام کو پھر ہم ہوٹل واپس آ گئے۔

Ahmad Ali
Class 9
Canal View Campus, Sahiwal

# CAMPUS CLICKS

## EFA Talent Hunt Campus | Pakistan Day












## EFA Talent Hunt Campus | Kashmir Day









## EFA Talent Hunt Campus | Pakistan Day









## EFA Talent Hunt Campus | Kashmir Day









**EFA-EDUCATION FOR ALL** تعلیم ہر بچّے کے لئے

NO Child Left Behind-A Project of the Largest Educational Network in Pakistan

## Regional Offices EFA Schools

**Lahore (Central Punjab-I)**
87-B/1, Off MM Alam Road, Gulberg III, Lahore
Tel: +92 (42) 35756357-58, 35784616 Ext: (215, 214)
Cell: 0332-4445674
Email: sales@efaschools.edu.pk

**Gujranwala (Upper Punjab Region)**
29-A, Civil Lines, Session Court Road
Gujranwala
Tel: +92 (55) 3410077, Cell: 0332-4445624
Email: upperpunjab.sales@efaschools.edu.pk

**Lahore (Central Punjab-II)**
87-B/1, Off MM Alam Road, Gulberg III, Lahore
Tel: +92 (42) 35756357-58, 35784616 Ext: (215, 214)
Cell: 0332-4445674
Email: sales@efaschools.edu.pk

**Karachi (Sindh Region)**
22-E, Block-6, P.E.C.H.S, Karachi
Tel: +92 (21) 34555676, (21) 111878787, Ext: 223
Cell: 0330-4036505
Email: sindh.sales@efaschools.edu.pk

**Sukkur (Sukkur Region)**
Cell: 0333-7581047

**Sargodha (Sargodha Region)**
Punjab College, 2 Khayaban-e-Saddiq, Sargodha
Tel: +92 (48) 3258238, Cell: 0333-0426588
Email: sargodha.sales@efaschools.edu.pk

**Sahiwal (Sahiwal Region)**
House No 26/27 Main Dubai Garden Sahiwal
Tel: +92 40 4400184, Cell: 0330-4036501
Email: sahiwal.sales@efaschools.edu.pk

**Multan (South Punjab Region)**
Building No. 3, Gulshan-e-Mahar, Near Metro Station
Chungi No. 6, Main Bosen Road, Multan
Tel: +92 (61) 6224535, Cell: 0332-4445641
Email: south.sales@efaschools.edu.pk

**Quetta (Balochistan Region)**
Banglow No. 5, Shalimar City, Near Nadra Office
Main Airport Road, Quetta
Cell: 0333-0130554
Email: balochistan.sales@efaschools.edu.pk

**Faisalabad (Rachna Region)**
Punjab College of Commerce, 23-A, Batala Colony
Faisalabad
Tel: +92 (41) 8711458-9, Cell: 0332-4445621
Email: rachna.sales@efaschools.edu.pk

**Islamabad (North Punjab Region)**
Punjab College, 10-D West, Fazal-e-Haq Road
Blue Area, Islamabad
Tel: +92 (51) 2805546, Cell: 0332-4445668
Email: north.sales@efaschools.edu.pk

**Sialkot (Sialkot Region)**
Punjab College of Commerce, Sublime Chowk
Kashmir Road, Sialkot
Tel: +92 (52) 3254302, Cell: 0330-4036502
Email: sialkot.sales@efaschools.edu.pk

**Jhelum (Jhelum Region)**
Ch. Abdul Rasheed Road, Arsal Town
Jhelum Cantt.
Tel: +92 0544 223443, Cell: 0330-4036503
Email: jhelum.sales@efaschools.edu.pk

**Muzaffarabad (AJ&K Region)**
Moheri Gojra, Tami Road
Muzaffarabad.
Tel: +92 (58) 22443367, Cell: 0335-4444025
Email: ajk.sales@efaschools.edu.pk

**Peshawar (KPK, Swat & GB Region)**
E-79, Street # 21/A, Gate 02, OPF Colony,
Doran Pur, Peshawar
Tel: +92 91-2614055, Cell: 0333-9118558
Email: kpk.sales@efaschools.edu.pk